جامعہ علوم اثریہ کے ششماہی امتحانات اور تعطیلات

شعبہ حفظ کے امتحانات ۴ ربیع الاول/ ۶ مئی بروز منگل شروع ہو کر ۷ مئی کی دوپہر کو ختم ہوں گے۔ اس کے ساتھ ہی انہیں جمعہ کی شام تک چھٹی دے دی جائے گی۔

شعبہ کتب کے امتحانات ۱۲ ربیع الاول/ ۱۴ مئی بروز بدھ سے شروع ہوں گے اور ۲۰ ربیع الاول / ۲۲ مئی کو ختم ہوں گے۔ اس کے بعد شعبہ کتب میں ۱۵ دن کی تعطیلات ہوں گی۔ جبکہ مورخہ ۵ ربیع الثانی/ ۶ جون بروز جمعہ کی شام کو طلبہ کی جامعہ میں واپس حاضری ضروری ہوگی۔

جامعہ کے طلبہ کے مابین انعامی تقریری مقابلہ

۱۶ اپریل بروز بدھ بعد از نماز عصر عظمت صحابہؓ کے موضوع پر طلبہ کے مابین انعامی تقریری مقابلہ ہوا۔ طالب علم قاری محمد ظہیر نے تلاوت کی۔ منصفین کے فرائض مولانا احمد علی صاحب فاضل اُم القریٰ یونیورسٹی مکہ المکرمہ، مولانا قطب شاہ صاحب، مولانا عظمت حیات صاحب نے سرانجام دیئے۔

مقابلہ میں شریک طلبہ کے نام: عطاء اللہ وعرفان ایوب (ثانیہ عالیہ)، تسلیم اختر (ثالثہ ثانویہ)، عبدالخالق، عمر فاروق وعثمان غنی (اولیٰ ثانویہ)، محمد کاشف ومحمد عمران (ثالثہ متوسطہ)، رضوان مختار (ثانیہ متوسطہ)، محمد نعمان، محمد ذیشان، محمد عمیر، غلام رؤف (اولیٰ متوسطہ)، شمشاد سلفی (القسم الاعدادی)، عدنان اکبر وراشد محمود (شعبہ حفظ)۔

تمام طلبہ نے بڑے احسن انداز میں تقاریر کیں۔ اس کے بعد رئیس الجامعہ نے صدارتی خطاب میں طلبہ کی محنت کو سراہا اور مزید محنت کی طرف توجہ دلائی اور (حفظ کتاب التوحید، حفظ کتاب الجامع من بلوغ المرام) کے مقابلے کا اعلان کیا۔ آخر میں مدیر الامتحانات مولانا اکرم جمیل صاحب نے طلبہ کو پند ونصائح سے نوازا۔ انعامات (بصورت کتب) لینے والے خوش نصیب طلبہ: اول۔ فہد اکرم (ثالثہ ثانویہ)، دوئم: نوید امجد (ثالثہ ثانویہ)، سوئم: عمران خان (ثانیہ عالیہ)۔

مدرسہ بدر حسین الانصاری للبنات رانیوال سیداں گجرات کا افتتاح

جامعہ علوم اثریہ جہلم اور بیت الزکوٰۃ الکویتی کے تعاون سے رانیوال سیداں (گجرات) میں گزشتہ ماہ مدرسہ بدر حسین الانصاری للبنات کی خوبصورت عمارت پایۂ تکمیل کو پہنچی۔ مورخہ ۲ اپریل کو اس کی افتتاحی

تقریب کے موقع پر ایک روزہ کانفرنس برائے مستورات کا اہتمام کیا گیا۔ جس سے علاقہ بھر کی خواتین نے بھاری تعداد میں شرکت کی۔ جن سے بیگم علامہ محمد مدنی ؒ اور بیگم حافظ احمد حقیق اور دیگر مقامی مبلغات نے خطاب کیا۔ جامعۃ البنات میں تعلیم کا آغاز کر دیا گیا ہے اور نئے سال میں داخلہ شروع کر دیا گیا ہے۔

محمود عدنان صاحب کے برف خانہ کا افتتاح

جمعیت شبان اہل حدیث اور اہل حدیث یوتھ فورس سے ہوتے ہوئے اب انجمن اہل حدیث جہلم کے متحرک و فعال کارکن محمود عدنان صاحب کے برف خانہ کا افتتاح (جس میں انہوں نے نئے یونٹوں کا بھی اضافہ کیا ہے) مورخہ ۵ اپریل ۵ بجے سہ پہر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید نے کیا اور دعائے خیر و برکت کی۔ اس موقع پر شیخ محمد اسحاق صاحب، ارشد محمود زرگر صاحب اور ارشد فاروق سیٹھی صاحب بھی موجود تھے۔

جامع مسجد اہل حدیث خورد میں سیرت خیر البشر ﷺ کانفرنس

مورخہ ۱۳ اپریل بعد از نماز عشاء مرکزی جامع، مسجد اہل حدیث موضع خورد جہلم میں زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید سیرت خیر البشر ؐ کانفرنس منعقد ہوئی۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ صاحب نے سرانجام دیئے۔ قاری خالد مجاہد، مولانا عبدالواحد دانش نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ نے صدارتی خطاب میں امت مسلمہ کی موجودہ تباہی کے اصل اسباب کی قرآن و حدیث کی روشنی میں نشاندہی کی اور اس سے نجات کا قرآنی حل بتلایا۔

اہل حدیث یوتھ فورس جہلم کے زیر اہتمام

کیا عالم اور جاہل برابر ہو سکتے ہیں؟ کے موضوع پر انعامی تقریری مقابلہ

اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کے زیر اہتمام تحریک ''علم ایک روشنی'' کے تحت ایک تقریری مقابلہ بعنوان ''کیا عالم اور جاہل برابر ہو سکتے ہیں؟'' مختلف سکولوں اور کالجوں کے طلبہ کے مابین جامعہ علوم اثریہ کے وسیع سبزہ زار میں منعقد ہوا۔ جس میں ۱۳ سکولوں کے ۲۴ طلبہ نے حصہ لیا۔ تقریری مقابلے کے بعد رئیس الجامعہ نے صدارتی خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے عصری علوم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم حاصل کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اور کہا کہ دینی علوم کے بغیر دنیاوی علوم کا آخرت میں کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل جناب امتیاز احمد ایڈوکیٹ نے خطاب کرتے ہوئے